Ref: GSPL/PR/25/25/029
Date: 25/11/2025

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

گروسیف نے پاکستان بزنس فورم کی کارپوریٹ ممبرشپ حاصل کرلی

پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کے شعبے میں مطلوب معیارات کے حصول کی خدمات فراہم کرنے والے نامور ادارے گروسیف نے پاکستان بزنس فورم کی کارپوریٹ ممبرشپ حاصل کرلی ہے، اور یوں چھوٹی اور درمیانی درجے کی صنعتوں (SMEs) اور برانڈز کے لیے ایک بار پھر معاونت کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

مذکورہ ممبر شپ کے حصول کے لیے گروسیف نے فورم کی جانب سے متعین پیشہ ورانہ اور کارپوریٹ معیار حاصل کیا، جس کا تعلق پاکستانی اداروں میں مقامی اور بین الاقوامی حوالے سے تجارت، سرمایہ کاری، اور معاشی تعاون کو فروغ دینے سے ہے۔ اس کامیابی کے بعد ادارہ فورم کے خصوصی شراکت داروں میں شامل ہوچکا ہے۔

تازہ کامیابی پر ادارے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، سعد عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ "گروسیف پاکستانی SMEs اور برانڈز کو برآمدات کے جملہ معیارات اور بین الاقوامی ریگولیٹری ضروریات کو پورا کرنے میں مدد فراہم کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔"

ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کے صنعتی اور پیداواری شعبوں میں کام کے معیار، صحت، حفاظت، اور ماحولیاتی معیارات کو بہتر بنانا ادارے کی اولین ترجیح ہے۔

مقامی صنعتوں اور برانڈز کو ترویج دینے کے حوالے سے گروسیف کے مقاصد پاکستان بزنس فورم کے مشن سے ہم آہنگ ہیں، جس کے تحت صنعتی معیارات کو بہتر بنایا جارہا ہے۔ دونوں اداروں کے درمیان رواں برس 28 فروری کو طے پانے والے مفاہمتی معاہدے کے بعد سے گروسیف SMEs اور ابھرتے ہوئے برانڈز کے بزنس کرنے کے طریقہ کار کو بین الاقوامی معیارات کی سطح پر لانے کے لیے کوشاں ہے۔

گزشتہ 9 ماہ کے دوران ادارے نے متعدد اداروں کو خاص طور پر ترتیب دیے گئے تربیتی پروگرامات، gap analysis، کنسلٹنسی، انٹرنیشنل سرٹیفکیشنز، آڈٹس، اور حفاظتی معائنوں کے ذریعے کمپلائنس کے حصول میں مدد دی ہے۔ ان اداروں میں بچہ پارٹی، ناسا کمیکلز، پیٹ کنگ گلوبل، سروِس لانگ مارچ ٹائرز، فارماٹیک، ینگز فوڈ، Logiciel، گیٹرون انڈسٹریز، نوواٹیکس، انرجی این آٹومیشن، الہدیٰ انجینئرنگ، ڈیسکون، ای ایف یو لائف، Kompass، ہمدرد یونیورسٹی، Haseen Habib، Solution Concern، PERAC Research & Development، ایگری آٹو، Pakistan Mortgage Refinance Company اور پاکستان بیورجز لمیٹڈ شامل ہیں۔

دریں اثناء، مقامی SMEs اور برانڈز کے فروغ کی کوششوں کے سلسلے میں گروسیف 3 اور 4 جنوری 2026 کو انتہائی اہمیت کے حامل "میرا برانڈ پاکستان" ایکسپو میں شرکت کے لیے تیار ہے، جہاں ادارے کی ایک ٹیم ہال 5 کے اسٹال B-88 پر جدید ترین تربیت، کنسلٹنسی اور کمپلائنس کی خدمات کا مظاہرہ اور معلومات فراہم کرے گی۔

مذکورہ ایکسپو، جس میں اس سال 4 لاکھ افراد کی شرکت متوقع ہے، کا شمار پاکستان کے اہم ترین ایونٹس میں ہوتا ہے، جس کا مقصد مختلف ملکی صنعتی شعبوں میں اعلیٰ کارکردگی، جدت، اور کاریگری کو نمایاں کرنا اور پروان چڑھانا ہے۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED
MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا
Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe